حیسکو پریس ریلیز مورخہ: 19.11.2021

# حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں گاڑی کھاتہ، رضوی، مٹیاری اور شہداد پور-I، سب ڈویژنوں کے علاقوں میں کارروائیوں کے دوران نادہندگان کے 4 عدد گاؤں اور 491 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں، بجلی چوروں کے 172 کنکشن منقطع کردیئے۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد ( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں آپریشن ڈویژن گاڑی کھاتہ سب ڈویژن میں SDO سید حسیب الحسن کی سربراہی میں کارروائیاں کے دوران نادہندگان کے واجبات کی عدم ادائیگی پر 98 بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، جن پر ایک کروڑ سے زائد کے واجبات تھے، اور بجلی چوروں کے 43 غیر قانونی کنڈہ کنکشن موقع پر منقطع کردیئے گئے، آپریشن سب ڈویژن رضوی ہسپتال کے لطیف آباد و گردونواح کے علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے واجبات کی عدم ادائیگی پر 185 نادہندگان کے بجلی کنکشن منقطع کیئے اور بجلی چوروں کے 54 غیر قانونی کنڈہ ہٹائے گئے اور تاریں ضبط کرلی گئی ہیں، مٹیاری سب ڈویژن میں کارروائیوں میں ناہندگان کے 105 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے، اور واجبات کی عدم ادائیگی پر 4 عدد گاؤں جس میں گلاب ملاح، ملک تھیبو و دیگر شامل ہیں کی بجلی 2 کروڑ 90 لاکھ 35 زائد ہونے پر منقطع کردی گئی ہے، 11 کے وی کے مین اسپین اتار لیئے گئے ہیں، مزید برآں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں بڑھاتے ہوئے شہداد پور سب ڈویژن-I، میں بجلی چوروں کے 75 کنڈے کاٹے کر نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی چیکنگ کے دوران 103 زیادہ واجبات والے صارفین کے بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں جبکہ نادہندگان سے واجبات کی وصولی کی مد میں 13 لاکھ 82 ہزار کی وصولی بھی کی گئی ہے، اور بجلی چوروں کے خلاف مروجہ قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کیلئے لیٹر بھی جمع کرادیئے ہیں۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف کی ہدایات ہیں کہ بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے، صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کریں، کیونکہ حیسکو کی پہچان میٹھی اور شائشتہ زبان ہے، نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی چیک کرتے ہوئے نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بناکے دی جائیں، واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رکھیں۔ آپ کے تعاون کا متمنی۔ حیسکو




حیدرآباد: حیسکو چیف عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں